


http://web.uaf.edu.pk/CampusNews/ViewCampusNews Dated: 06-10-2025

# وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کے دورہ فیصل آباد کے دوران زرعی یونیورسٹی میں خصوصی آمد

## یونیورسٹی آمد پر روایتی لباس میں ملبوس طلبہ نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، وزیراعلیٰ نے تعلیم اور نوجوانوں کی ترقی کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیا

## وزیراعلیٰ کی جانب سے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلبہ کی خصوصی حوصلہ افزائی اور ہاسٹل تا کیمپس سفری سہولت کیلئے تین نئی بسوں کا تحفہ

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ نے فیصل آباد کی تاریخ میں پہلی بار ماحول دوست الیکٹرو گرین بسیں چلانے کے منصوبے کا افتتاح کرنے کے لئے 29 ستمبر 2025ء کو فیصل آباد کا دورہ کیا۔ وہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے فٹ بال گراؤنڈ میں اتریں، جہاں پر جامعہ زرعیہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی، اساتذہ اور طلبہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب اپنی کابینہ کے اراکین، اعلیٰ انتظامی افسران اور نامور قومی و سیاسی شخصیات کے ہمراہ الیکٹرو بس پر سوار ہوئیں اور ان کا روٹ زرعی یونیورسٹی تا بوہڑانوالی گراونڈ (متصل باغ جناح) تھا۔ بس میں سوار ہونے والی اہم شخصیات میں وزیراعظم پاکستان کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ خاں بھی شامل تھے۔ جامعہ کے طلبہ نے وزیراعلیٰ کی آمد کے رستے کو خوبصورت سٹیمرز اور ہورڈنگ بورڈز سے سجا رکھا تھا جبکہ فٹ بال گراونڈ سے یونیورسٹی کے مین گیٹ تک موجود یونیورسٹی کے پرجوش طلبا و طالبات روایتی ثقافتی لباس زیب تن کئے ہوئے، ہاتھوں میں پھولوں کی پتیاں اور پلے کارڈز لئے

**وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی کی قیادت میں طلبہ، فیکلٹی ارکان اور یونیورسٹی انتظامیہ نے وزیرِ اعلیٰ کا پرتپاک استقبال کیا**





## زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے بچے اور بچیوں نے مجھے جو احترام اور پیار دیا ہے میں اسے کبھی نہیں بھولوں گی۔ مریم نواز

وزیراعلیٰ کے حق میں نعرے بلند کر رہے تھے۔محترمہ مریم نواز صاحبہ نے جامعہ کے طلبہ کا جوش و جذبہ دیکھتے ہوئے یونیورسٹی کے ایڈمن بلاک کے سامنے اپنی بس کو روکا اور طلبا و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ ہی ملک کا اصل سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں، جو پاکستان کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پنجاب حکومت تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے تعلیمی اداروں سے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے بچے اور بچیوں نے مجھے جو احترام اور پیار دیا ہے میں اسے کبھی نہیں بھولوں گی۔طلبہ نے وزیراعلیٰ کے حق میں ''وزیراعلیٰ فخرِ پاکستان'' اور ''مریم نواز زندہ باد'' کے فلک شگاف نعرے لگائے جبکہ وزیراعلیٰ نے ان کے جذبے کو سراہتے ہوئے نوجوانوں کو بھرپور تعاون اور سہولتوں کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر جامعہ کی طالبات نے مریم نواز شریف کے ساتھ اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی تصاویر اور تحریری تخلیقات (نظمیں و پیغامات) بطور تحفہ پیش کیں جنہیں وزیراعلیٰ نے نہایت خوشی اور مسرت کے ساتھ قبول کیا۔اس موقع پر سینیٹر رانا ثناء اللہ خاں، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی، ڈین فیکلٹی آف ایگری کلچر پروفیسر ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، چیف ہال وارڈن برائے خواتین پروفیسر ڈاکٹر سدرہ اعجاز، پرنسپل آفیسر سکولز ڈاکٹر سیدہ ثمینہ طاہرہ، پرنسپل آفیسر پبلیکیشنز مظفر حسین سالک اور پرنسپل آفیسر میڈیا مسٹر جہانزیب طارق بھی موجود تھے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے پرجوش خطاب کے فوری بعد ٹیکنیکل اسٹاف آفیسر ٹو وائس چانسلر و پرنسپل آفیسر موٹر پول رانا محمد آصف صدیق نے محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کی خدمت میں یہ مطالبہ پیش کیا کہ طلبہ کو ہاسٹل سے کیمپس تک آنے جانے کے لیے تقریباً پانچ کلومیٹر کا فاصلہ پیدل طے کرنا پڑتا ہے اس










لیے آپ سے گزارش ہے کہ طلبہ کی آسانی کیلئے انہیں کچھ بسوں کا تحفہ دیا جائے۔ محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ نے اس جائز مطالبے کو فوراً تسلیم کرتے ہوئے یونیورسٹی کو تین بسیں دینے کا اعلان کیا۔ یاد رہے کہ حکومت پنجاب نے یہ وعدہ اڑتالیس گھنٹے کے اندر پورا کر دیا۔ وزیراعلیٰ آفس کی انتظامیہ نے لاہور میں تقریباً ساڑھے سات کروڑ روپے مالیت کی تین بسیں پرنسپل آفیسر موٹر پول رانا محمد آصف صدیق کے حوالے کیں جو اس وقت جامعہ میں موجود ہیں۔ یہ کامیابی رانا محمد آصف صدیق کی بصیرت اور بروقت کاوشوں کا نتیجہ ہے، جنہوں نے طلبہ کی سہولت اور ضرورت کو ترجیح دیتے ہوئے یہ اہم مطالبہ پیش کیا۔











## ٹیکنیکل سٹاف آفیسر ٹو وائس چانسلر رانا محمد آصف صدیق کے مطالبے پر وزیرِاعلیٰ پنجاب نے جامعہ کو تین بسوں کا تحفہ دینے کا اعلان کیا جو پورا بھی کر دیا گیا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کے حالیہ دورہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دوران جامعہ کے طلبا و طالبات کی جانب سے استقبالیہ پروگرام کی نگرانی کیلئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی کی جانب سے مامور کی گئی کمیٹی میں پروفیسر ڈاکٹر غلام مرتضیٰ (ڈین فیکلٹی آف ایگری کلچر)، رانا محمد آصف صدیق ٹیکنیکل سٹاف آفیسر ٹو وائس چانسلر و پرنسپل آفیسر موٹر پول، پروفیسر ڈاکٹر انوار الحق (چیف ہال وارڈن برائے طلبا)، پروفیسر ڈاکٹر سدرہ اعجاز (چیف ہال وارڈن برائے طالبات)، پروفیسر ڈاکٹر ندیم اکبر (پرنسپل آفیسر اسٹیٹ کیئر مینجمنٹ)، پروفیسر ڈاکٹر ندیم عباس (ڈائریکٹر نظامت امور طلبہ)، پروفیسر ڈاکٹر شوکت علی (سینئر ٹیوٹر)، ڈاکٹر فہد رسول (پریزیڈنٹ یونیورسٹی روورز سکاؤٹس یونٹ)، ڈاکٹر سیدہ ثمینہ طاہرہ (پرنسپل آفیسر سکولز)، مظفر حسین سالک (پرنسپل آفیسر پبلیکیشنز)، جہانزیب طارق (پرنسپل آفیسر میڈیا)، کرنل (ر) احسن عمر (چیف سکیورٹی آفیسر)، رانا شہزاد محمود (اسٹیٹ آفیسر) اور ممتاز علی بیگ ڈپٹی رجسٹرار/انچارج یونیورسٹی پریس شامل تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے کامیاب دورے کے بعد وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے نیو سینیٹ ہال میں کمیٹی ممبران اور ان کے معاونین کو خصوصی مبارک باد دی اور یونیورسٹی کے طلبا و طالبات کے جذبے کو سراہا۔










# وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کی جامعہ زرعیہ فیصل آباد میں رواں ماہ دوبارہ آمد متوقع

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ شعبہ زراعت کو جدید ٹیکنالوجی، تکنیکی طریقہ ہائے کار کو اپنانے کا عزم رکھتی ہیں اس لیے انہوں نے زرعی گریجوایٹس کیلئے تنخواہ (بطور وظیفہ) دینے کے ساتھ ساتھ انہیں تکنیکی مہارت فراہم کرنے کیلئے انٹرن شپ پروگرام ترتیب دیا ہے جس کے لیے رواں ماہ ان کی زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں دوبارہ آمد متوقع ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں متوقع دورہ برائے زرعی گریجوایٹس انٹرن شپ تقریب کے حوالے سے سپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل اختر نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ کیا اور









وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایکسٹینشن پنجاب عبدالحمید، ڈائریکٹر ایکسٹینشن پنجاب ڈاکٹر خالد محمود، ڈائریکٹر جنرل ایگری انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں و دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے رواں ماہ کے دوران زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں متوقع دورے کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔جس میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب حکومت زرعی گریجوایٹس انٹرن شپ سکیم کے تحت مستفید ہونے والے 1750 طلبہ میں آفر لیٹر تقسیم کریں گی۔فیصل آباد ڈویژن میں 275 زرعی گریجوایٹس نے انٹرن شپ حاصل کی ہے۔آغا نبیل اختر نے کہا کہ پنجاب حکومت زراعت کو درپیش مسائل کے حل کے لئے تمام ممکنہ کاوشیں عمل میں لا رہی ہے تاکہ کاشتکاروں کی خوشحالی کو یقینی بناتے ہوئے زرعی ترقی کا نیا باب مرتب کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکار افراد کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کروانا ناگزیر ہے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکے۔ڈاکٹر ذوالفقار علی نے پنجاب حکومت کے زرعی پروگرامز کو سراہتے ہوئے کہا کہ زرعی گریجوایٹ انٹرن شپ، کسان پیکج و دیگر منصوبہ جات غذائی استحکام اور زرعی ترقی کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم اقدامات ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے حالیہ دورہ فیصل آباد میں زرعی یونیورسٹی کے طلبا و طالبات سے ملاقات کی اور ان کی طرف سے شاندار استقبال کرنے پر شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی ملک کو بہترین افرادی قوت کی فراہمی، تحقیقی ثمرات کو کسانوں تک پہنچانے اور آؤٹ ریچ کے ذریعے ملکی زرعی ترقی میں شب و روز کوشاں ہے۔

---


مظفر حسین سالک (مدیر اعلیٰ یونیورسٹی پبلیکیشنز)، ممتاز علی بیگ (مدیرِ منتظم)، حافظ شہزاد مجید (ترتیب و تدوین)،

محمد اسماعیل، محمد امین، آصف محمود (کمپوزنگ)، محمد آصف، محمد ندیم اختر (گرافک ڈیزائننگ)، عظمت علی (نظر ثانی)